سوال

(116) رمضان شریف میں اگر کوئی اہل حدیث یا شافعی المسلک تراویح کے بعد وتر..الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علماء دین اس مسئلہ میں کہ رمضان شریف میں اگر کوئی اہل حدیث یا شافعی المسلک تراویح کے بعد وتر کی نماز جماعت سے پڑھاوے۔ جس میں وہ تیسری رکعت میں خلاف طریقہ حنفیہ رکوع کے بعد کھڑے ہو کر ہاتھ اٹھا کر دعا قنوت پڑھے۔ پھر سجدے میں جاوے۔ تو ایسے امام کی اقتداء میں حنفی الذہب مقلد کی نماز درست ہو گی یا نہیں؟ بینوا توجروا۔

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نماز درست ہو گی۔ اور حنفی الذہب مقلد کو امام کی متابعت میں قنوت کرنی چاہیے۔ فقط واللہ اعلم بالصواب۔ (اخبار محمدی دہلی جلد نمبر ۵ شمارہ نمبر ۱۴)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 06 ص 348

محدث فتویٰ